قُدُّوْسٌ	رَبُّ	الْمَلٰٓئِكَةِ ❷	وَ الرُّوْحِ
بہت مقدّس ہے	(وہ) ربّ ہے	فرشتوں کا	اور روح الامین (جبرائیل) کا

ضروری وضاحت

❶ بخاری شریف میں ہے کہ نبی ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے ہوئے ایک صحابی نے رکوع کے بعد یہ الفاظ بلند آواز میں کہے تو آپ ﷺ نے نماز کے بعد دریافت کیا کہ یہ کلمات کس نے کہے ہیں تو اس شخص نے کہا: "میں نے" تو آپ ﷺ نے فرمایا: کہ میں نے تیس سے زائد فرشتے دیکھے جو ایک دوسرے سے سبقت لے جانے میں کوشاں تھے کہ ان کلمات کو کون تحریر کرے۔ ❷ "اَلْمَلٰٓئِكَةِ" میں "ة" مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کی ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دو سجدوں کے درمیان کی دعائیں

1. رَبِّ اغْفِرْلِيْ، رَبِّ اغْفِرْلِيْ (ابوداؤد) — اے میرے ربّ مجھے بخش دے۔(دو مرتبہ)

2. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ (ابوداؤد) — اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما، اور مجھے ہدایت اور مجھے عافیت اور مجھے رزق عطا فرما۔

تشہد کی دعا

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ	تمام قولی، بدنی اور مالی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ	سلامتی ہو آپ پر اے نبی ﷺ
وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ	اور اللہ کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں (نازل) ہوں
اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِاللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ	سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر
اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ	میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا	اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد ﷺ
عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ (بخاری، مسلم)	اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رَبُّ : ربّ، ربوبیت، اَربابِ اِقتدار۔	اَلصَّلَوٰتُ : صلوٰۃ وسلام، صوم وصلوٰۃ، مصلّی۔
اِغْفِرْ : مغفرت، استغفار۔	اَلطَّيِّبَاتُ : طیّب مال، طیبّات۔
اِرْحَمْنِيْ، رَحْمَةُ : رحم، رحمت، رحیم، رحم دل۔	اَلسَّلَامُ : سلام، سلامتی، سلامت۔
اِهْدِنِيْ : ہدایت، ہادیٔ برحق۔	عَلَيْكَ، عَلَيْنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
عَافِنِيْ : عافیت۔	بَرَكَاتُهٗ : بابرکت، مبارک، برکات، ہدیۂ تبریک۔
اُرْزُقْنِيْ : رزقِ حلال، رازِق، رزّاق۔	عِبَادِ، عَبْدُهٗ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
اَلتَّحِيَّاتُ : تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد (تحفہ)۔	اَشْهَدُ : شاہد، شہادت (گواہی)۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دو سجدوں کے درمیان کی دعائیں

❶ رَبِّ ❶	اغْفِرْلِیْ	رَبِّ ❶	اغْفِرْلِیْ
اے میرے رب	مجھے بخش دے	اے میرے رب	مجھے بخش دے

❷ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ	وَ ارْحَمْنِیْ ❷	وَ اھْدِنِیْ ❷	وَ عَافِنِیْ ❷	وَ ارْزُقْنِیْ ❷
اے اللہ مجھے بخش دے	اور مجھ پر رحم فرما	اور مجھے ہدایت دے	اور مجھے عافیت دے	اور مجھے رزق عطا فرما

تشہد کی دعا

اَلتَّحِیَّاتُ ❸	لِلّٰهِ	وَ الصَّلَوٰتُ ❸	وَ الطَّیِّبَاتُ ❸
تمام اچھے کلمات	اللہ کیلئے ہیں	اور نمازیں	اور پاکیزہ چیزیں (بھی)

اَلسَّلَامُ	عَلَیْكَ	اَیُّهَا النَّبِیُّ	وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ	وَ بَرَکَاتُهٗ
سلامتی ہو	آپ پر	اے نبی ﷺ	اور اللہ کی رحمت ہو	اور اس کی برکتیں (نازل) ہوں

اَلسَّلَامُ	عَلَیْنَا	وَ عَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِیْنَ	اَشْهَدُ	اَنْ لَّا اِلٰهَ
سلامتی ہو	ہم پر	اور اللہ کے سب نیک بندوں پر	میں گواہی دیتا ہوں	کہ کوئی معبود نہیں

اِلَّا اللّٰهُ	وَ اَشْهَدُ	اَنَّ مُحَمَّدًا	عَبْدُهٗ	وَ رَسُوْلُهٗ
اللہ کے سوا	اور میں گواہی دیتا ہوں	کہ بیشک محمد ﷺ	اس کے بندے	اور اس کے رسول ہیں

ضروری وضاحت

❶ "رَبِّ" اصل میں "یَا رَبِّیْ" (اے میرے رب) تھا، تخفیف کیلئے شروع سے "یا" اور آخر سے "یْ" گرا دی گئی ہے، جیسے ہم "اے میرے اباجان" کی بجائے صرف "اباجان" کہہ کر پکارتے ہیں۔ ❷ فعل کے ساتھ "یْ" ڈائریکٹ نہیں آسکتی، بلکہ اسکے اور فعل کے درمیان "نِ" کا اضافہ کرتے ہیں۔ ❸ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

درود شریف

◈ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ	اے اللہ رحمتیں نازل فرما محمد ﷺ اور محمد ﷺ کی آل پر
کَمَاصَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ	جیسا کہ تو نے رحمت نازل کی ابراہیم علیہ السلام پر اور
عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ	ابراہیمؑ کی آل پر، بیشک تو تعریف والا، بزرگی والا ہے
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ	اے اللہ برکتیں نازل فرما محمد ﷺ اور محمد ﷺ کی آل پر
کَمَابَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ	جیسا کہ تو نے برکت نازل کی ابراہیم علیہ السلام پر اور
عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ (بخاری)	ابراہیمؑ کی آل پر، بیشک تو تعریف والا، بزرگی والا ہے

درود شریف کے بعد کی دعائیں

❶ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ	اے اللہ! بیشک میں نے ظلم کیا ہے اپنی جان پر
ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ	بہت ظلم اور کوئی نہیں معاف کرسکتا گناہوں کو
اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ	تیرے سوا پس بخش دے مجھے
مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَ ارْحَمْنِیْ	بخشنا اپنی طرف سے اور مجھ پر رحم فرما

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَلِّ، صَلَّیْتَ : صلوٰۃ وسلام، صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔	نَفْسِیْ : نفس، نفسانفسی، نظامِ تنفّس۔
عَلٰی : علیٰحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	کَثِیْرًا : کثیر، کثرت، اکثر۔
اٰلِ : آلِ رسول ﷺ، آل اولاد۔	لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب لاعلم۔
حَمِیْدٌ : حمد، حمدِ باری تعالیٰ، حامد، محمود۔	یَغْفِرُ، فَاغْفِرْلِیْ : مغفرت، استغفار۔
مَجِیْدٌ : قرآن مجید، جدِّ امجد۔	اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
بَارِكْ، بَارَکْتَ : بابرکت، مبارک، برکتیں۔	عِنْدِكَ : عنداللہ، عندالطلب۔
ظَلَمْتُ، ظُلْمًا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	اِرْحَمْنِیْ : رحم، رحمت، رحیم، مرحوم، رحم دل۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

درود شریف

◈ اَللّٰهُمَّ صَلِّ ❶	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ	كَمَا
اے اللہ رحمت نازل فرما	محمد ﷺ پر	اور محمد ﷺ کی آل پر	جیسا کہ

صَلَّيْتَ ❶	عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ	وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ	اِنَّكَ حَمِيْدٌ
تو نے رحمت نازل کی	ابراہیم علیہ السلام پر	اور ابراہیمؑ کی آل پر	بیشک تو تعریف والا

مَّجِيْدٌ	اَللّٰهُمَّ	بَارِكْ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ	كَمَا
بزرگی والا ہے	اے اللہ	برکت نازل فرما	محمد ﷺ پر	اور محمد ﷺ کی آل پر	جیسا کہ

بَارَكْتَ	عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ	وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ	اِنَّكَ حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ
تو نے برکت نازل کی	ابراہیم علیہ السلام پر	اور ابراہیمؑ کی آل پر	بیشک تو تعریف والا	بزرگی والا ہے

درود شریف کے بعد کی دعائیں

◈ اَللّٰهُمَّ	اِنِّيْ ظَلَمْتُ ❷	نَفْسِيْ	ظُلْمًا كَثِيْرًا	وَّلَا
اے اللہ	بیشک میں نے ظلم کیا ہے	اپنی جان پر	بہت ظلم	اور نہیں

يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ ❸	اِلَّا اَنْتَ	فَاغْفِرْ لِيْ	مَغْفِرَةً ❹	مِّنْ عِنْدِكَ	وَارْحَمْنِيْ
معاف کرسکتا گناہوں کو	مگر تو ہی	پس مجھے بخش دے	بخشنا	اپنی طرف سے	اور مجھ پر رحم فرما

ضروری وضاحت

❶ "صَلوٰۃ" کی نسبت بندے کی طرف ہو تو اس سے مراد "نماز" ہوتی ہے اور اگر نسبت نبیؐ کی طرف ہو تو اس سے مراد "رحمت کی دعا" ہوتی ہے اور اگر اسکی نسبت اللہ کی طرف ہو تو "رحمت کرنا" مراد ہوتا ہے۔ ❷ علامت "یْ" اور "تُ" دونوں کا ترجمہ "میں نے" ہے۔ ❸ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❹ "ۃً" واحد مؤنث کی علامت ہے اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (بخاری مسلم)	بیشک تو ہی بخشنے والا، بڑا مہربان ہے۔
② اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ	اے اللہ بیشک میں تیری پناہ میں آتا ہوں قبر کے عذاب سے
وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ	اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں جہنم کے عذاب سے
وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ	اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں مسیح دجال کے فتنے سے
وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَ الْمَمَاتِ	اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں زندگی اور موت کے فتنے سے
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ (بخاری)	اے اللہ بیشک میں تیری پناہ میں آتا ہوں گناہ اور قرض سے
③ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ	اے اللہ مجھے بخش دے جو (گناہ) میں نے پہلے کیے ہیں
وَ مَا اَخَّرْتُ وَ مَا اَسْرَرْتُ	اور جو میں نے بعد میں کیے ہیں اور جو پوشیدہ کیے ہیں
وَ مَا اَعْلَنْتُ وَ مَا اَسْرَفْتُ	اور جو میں نے علانیہ کیے ہیں اور جو میں نے زیادتی کی
وَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ	اور جو تو زیادہ جانتا ہے اسے مجھ سے
اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَ اَنْتَ الْمُؤَخِّرُ	اور تو ہی آگے کرنیوالا ہے اور تو ہی پیچھے کرنیوالا ہے
لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (مسلم)	کوئی معبود نہیں تیرے سوا۔

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَعُوْذُ : تعوّذ، معاذاللہ، تعویز (پناہ پکڑنا)۔	مَا : ماحول، ماجرا، ماتحت، مافوق الفطرت۔
مِنْ، مِنِّیْ : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشمس۔	قَدَّمْتُ، اَلْمُقَدِّمُ : قدم، مقدم، تقدیم، اِقدام۔
فِتْنَةِ : فتنہ، پُرفتن دور، فتّان۔	اَخَّرْتُ، اَلْمُؤَخِّرُ : تاخیر، مؤخّر، آخری، آخرت۔
اَلْمَسِيْحِ : مسح (چھونا)۔	اَسْرَرْتُ : سرِنہاں، پُراسرار۔
اَلْمَحْيَا : حیات، احیائے دین، احیائے اسلام۔	اَعْلَنْتُ : اعلان، علانیہ، المعلن۔
اَلْمَمَاتِ : موت، اموات، میّت۔	اَسْرَفْتُ : اسراف (زیادتی کرنا)۔
اِغْفِرْ : مغفرت، استغفار۔	اَعْلَمَ : علم، عالم، معلوم، معلومات۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ❶	❷ اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْ ❷ اَعُوْذُ بِكَ	مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ
بیشک تو ہی معاف کرنیوالا مہربان ہے	اے اللہ	بیشک میں تیری پناہ میں آتا ہوں	قبر کے عذاب سے

وَ اَعُوْذُبِكَ	مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ	وَ اَعُوْذُ بِكَ	مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ ❸
اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں	جہنم کے عذاب سے	اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں	مسیح دجال کے فتنے سے

وَ اَعُوْذُبِكَ	مِنْ فِتْنَةِ	الْمَحْيَا وَ الْمَمَاتِ	اَللّٰهُمَّ	اِنِّیْ ❷ اَعُوْذُبِكَ
اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں	فتنے سے	زندگی اور موت کے	اے اللہ	بیشک میں تیری پناہ میں آتا ہوں

مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ	❸ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ	مَا قَدَّمْتُ	وَ مَا اَخَّرْتُ
گناہ اور قرض سے	اے اللہ مجھے بخش دے	جو (گناہ) میں نے پہلے کیے ہیں	اور جو میں نے بعد میں کیے

وَ مَا اَسْرَرْتُ	وَ مَا اَعْلَنْتُ	وَ مَا اَسْرَفْتُ	وَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ
اور جو میں نے پوشیدہ کیے	اور جو میں نے علانیہ کیے	اور جو میں نے زیادتی کی	اور جو تو زیادہ جانتا ہے

بِهٖ	مِنِّیْ	اَنْتَ الْمُقَدِّمُ ❹	وَ اَنْتَ الْمُؤَخِّرُ ❹	لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
اسکو	مجھ سے	تو ہی آگے کرنیوالا ہے	اور تو ہی پیچھے کرنیوالا ہے	کوئی معبود نہیں تیرے سوا

ضروری وضاحت

❶ علامت "كَ" اور "اَنْتَ" دونوں کا ترجمہ "تو" ہے۔ ❷ علامت "یْ" اور "أ" دونوں کا ترجمہ "میں" کیا گیا ہے۔ ❸ دجال قیامت کے قریبی زمانے میں پیدا ہوگا اور خدائی کا دعوی کریگا، وہ اپنے دجل و فریب کے کمالات سے بڑے بڑے نیکوں کو اپنے فتنے میں مبتلا کردے گا اسی لیے آپؐ نے اسکے فتنے سے پناہ مانگی ہے۔ ❹ "اَنْتَ" کے بعد "اَلْ" ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

④ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ	اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں
خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ	تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں
وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ	اور میں تیرے عہد پر اور تیرے وعدے پر (قائم) ہوں
مَا اسْتَطَعْتُ،	جتنی مجھ میں طاقت ہے،
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ	میں تیری پناہ میں آتا ہوں اسکے شر سے جو میں نے کیا
اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ	میں اقرار کرتا ہوں تجھ سے تیری نعمت کا (جو) مجھ پر ہے
وَ اَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ	اور میں اقرار کرتا ہوں اپنے گناہ کا
فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ	تو تو بخش دے مجھ کو، پس یہ یقینی بات ہے کہ
لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ (بخاری)	نہیں بخشتا گناہوں کو مگر تو ہی۔
⑤ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ	اے میرے رب مجھے بنا نماز قائم رکھنے والا
وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ	اور میری اولاد کو بھی، اے ہمارے رب اور تو قبول فرما
دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ	میری دعا، اے ہمارے رب مجھے بخش دے

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

خَلَقْتَنِیْ : خالق، مخلوق، خلقت۔	صَنَعْتُ : مصنوعی، صناعت، صنعت۔
عَبْدُكَ : عبد، عبادت، عابد، معبود۔	بِنِعْمَتِكَ : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔
عَهْدِكَ : عہد و پیمان، معاہدہ، عہدہ۔	فَاغْفِرْلِیْ، یَغْفِرُ : مغفرت، استغفار۔
وَعْدِكَ : وعدہ، وعید۔	مُقِیْمَ : قیام، مقیم، اقامت۔
اِسْتَطَعْتُ : استطاعت۔	تَقَبَّلْ : قبول، مقبول، قبولیّت، قابل۔
اَعُوْذُ : تعوّذ، معاذ اللہ، تعویز (پناہ پکڑنا)۔	ذُرِّیَّتِیْ : ذُرّیّت آدم۔
شَرِّ : شر، شریر، شرارت۔	دُعَاءِ : دعا، داعی، مدعوّ، الدّاعی اِلَی الخیر۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

❹ اَللّٰهُمَّ	اَنْتَ رَبِّيْ	لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ	خَلَقْتَنِيْ	وَ اَنَا	عَبْدُكَ
اے اللہ	تو میرا رب ہے	کوئی نہیں معبود تیرے سوا	تو نے مجھے پیدا کیا	اور میں	تیرا بندہ ہوں

وَ اَنَا	عَلٰى عَهْدِكَ	وَ وَعْدِكَ	مَا اسْتَطَعْتُ	اَعُوْذُبِكَ
اور میں	تیرے عہد پر	اور تیرے وعدے پر ہوں	جو میں طاقت رکھتا ہوں	میں تیری پناہ میں آتا ہوں

مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ	اَبُوْٓءُ لَكَ	بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ	وَ اَبُوْٓءُ
اسکے شر سے جو میں نے کیا	میں اقرار کرتا ہوں تجھ سے	تیری نعمت کا جو مجھ پر ہے	اور میں اقرار کرتا ہوں

بِذَنْبِيْ	فَاغْفِرْلِيْ	فَاِنَّهٗ	لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ ❶	اِلَّا اَنْتَ
اپنے گناہ کا	تو تُو بخش دے مجھ کو	پس یہ یقینی بات ہے (کہ)	نہیں بخشتا گناہوں کو	مگر تو ہی

❺ رَبِّ ❷	اجْعَلْنِيْ	مُقِيْمَ	الصَّلٰوةِ	وَ	مِنْ ذُرِّيَّتِيْ
اے میرے رب	تو مجھے بنا	قائم رکھنے والا	نماز	اور	میری اولاد سے (بھی)

رَبَّنَا ❸	وَ تَقَبَّلْ ❹	دُعَآءِ ❷	رَبَّنَا ❸	اغْفِرْلِيْ
اے ہمارے رب	اور تو قبول فرما	میری دعا	اے ہمارے رب	مجھے بخش دے

ضروری وضاحت

❶ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "رَبِّ" اور "دُعَاءِ" اصل میں "رَبِّيْ" اور "دُعَاءِيْ" تھا یہاں پر "ی" کو گرادیا گیا ہے اسی "ی" کا ترجمہ "میری" کیا گیا ہے۔ ❸ "رَبَّنَا" اصل میں "يَارَبَّنَا" تھا، اختصار کیلئے "یا" کو حذف کیا گیا ہے، اسی کا ترجمہ "اے" کیا گیا ہے۔ ❹ "تَقَبَّلْ" کی "تَ" کا معنیٰ "تو" نہیں بلکہ اس میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ (سورۃ ابراہیم) اور میرے والدین اور تمام مؤمنوں کو جس دن حساب قائم ہو۔

سلام

◈ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ (دونوں طرف) سلامتی ہو آپ پر اور اللہ کی رحمتیں (نازل) ہوں۔

سلام کے بعد کے وظائف

1. اَللّٰهُ اَکْبَرُ (ایک مرتبہ بلند آواز سے)، (بخاری) اللہ سب سے بڑا ہے۔
2. اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (تین مرتبہ بلند آواز سے)، (مسلم) میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں۔
3. اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ اے اللہ! تو (ہر عیب سے) سلامت ہے
وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ اور تجھ سے ہی سلامتی ہے، تو بہت برکت والا ہے
یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ (مسلم) اے بزرگی اور عزت والے۔
4. رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ اے میرے رب میری مدد فرما اپنے ذکر کرنے پر
وَ شُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ (ابوداوٗد) اور اپنے شکر ادا کرنے پر اور اپنی اچھی عبادت پر۔
5. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ کوئی معبود نہیں اللہ کے علاوہ، وہ اکیلا ہے۔

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِوَالِدَیَّ : والد، والدین، وِلادت۔
یَقُوْمُ : قیام، مقیم، قائم۔
عَلَیْکُمْ (عَلٰی) : علیٰحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اَکْبَرُ : تکبر، کبار، تکبیر، کبیر۔
اَسْتَغْفِرُ : مغفرت، استغفار۔
تَبَارَکْتَ : بابرکت، مبارک، ہدیۂ تبریک۔
ذَا : ذِی روح، ذِی وقار، ذُو معنٰی، ذُو الجلال۔

اَلْجَلَالِ : جلال، رب ذوالجلال۔
اَلْاِکْرَامِ : کرامت، اکرام، مکرم۔
اَعِنِّیْ : اِعانت، معاونت، تعاون۔
ذِکْرِكَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذکور۔
شُکْرِكَ : شکر، شکریہ، مشکور، اظہار تشکر۔
عِبَادَتِكَ : عبادت، عابد، معبود۔
وَحْدَهٗ : واحد، موحّد، وحدت، وحدانیت۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ	لِوَالِدَیَّ	وَ	لِلْمُؤْمِنِیْنَ	یَوْمَ	یَقُوْمُ الْحِسَابُ ❶
اور	میرے والدین کو	اور	تمام ایمان لانے والوں کو	(جس) دن	حساب قائم ہوگا

سلام

❂ اَلسَّلَامُ	عَلَیْکُمْ	وَ	رَحْمَةُ اللّٰهِ (دونوں طرف)
سلامتی ہو	آپ پر	اور	اللہ کی رحمت (نازل ہو)

سلام کے بعد کی دعائیں

❶ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ❷ (ایک مرتبہ)	❷ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (تین مرتبہ)
اللہ سب سے بڑا ہے	میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے

❸ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ ❸	وَ مِنْكَ السَّلَامُ	تَبَارَكْتَ ❹	یَا ذَا الْجَلَالِ
اے اللہ تو ہی سلامتی والا ہے	اور تجھ ہی سے سلامتی ہے	تو بہت برکت والا ہے	اے بزرگی والے

وَ الْاِكْرَامِ	❹ رَبِّ ❺	اَعِنِّیْ	عَلٰی ذِكْرِكَ	وَ شُكْرِكَ
اور عزت والے	اے میرے رب	میری مدد فرما	اپنے ذکر کرنے پر	اور اپنے شکر کرنے پر

وَ	حُسْنِ عِبَادَتِكَ	❺ لَا اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	وَحْدَهٗ
اور	اپنی عبادت اچھی طرح کرنے پر	کوئی نہیں معبود	اللہ کے سوا	وہ اکیلا ہے

ضروری وضاحت

❶ علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ یہاں "أ" کا ترجمہ "میں" نہیں ہے بلکہ یہ صفت کے زیادہ ہونے پر دلالت کر رہا ہے۔ ❸ "اَنْتَ" اور "كَ" کے بعد "اَلْ" والا اسم ہے اس میں تاکید کا مفہوم ہے۔ ❹ "تَبَارَكْتَ" میں "تَ" کا معنیٰ "تو" نہیں بلکہ اس میں "بہت ہونے کا مفہوم" ہے۔ ❺ یہ اصل میں "رَبِّیْ" تھا، اسی "یْ" کا ترجمہ "میرے" کیا گیا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لَا شَرِيْكَ لَهٗ	اُس کا کوئی شریک نہیں
لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ	اُسی کی بادشاہی ہے اور اسی کی سب تعریف ہے
وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ	اور وہ ہر چیز پر قادر ہے
اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا	اے اللہ! کوئی روکنے والا نہیں (اس چیز) کو جو
اَعْطَيْتَ وَ لَا مُعْطِيَ لِمَا	تو عطا کرے، اور کوئی دینے والا نہیں (اس چیز) کو جو
مَنَعْتَ وَ لَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ	تو روک لے، اور نہیں نفع دے گی شان والے کو
مِنْكَ الْجَدُّ (بخاری، مسلم)	تیرے (عذاب) سے (اس کی) شان (مال وجاہ)۔
۞ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ	اللہ (وہ ہے کہ) کوئی معبود نہیں مگر وہ ہی
اَلْحَیُّ الْقَيُّوْمُ ۚ	زندہ ہے (سب کا) تھامنے والا ہے
لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ	نہیں آتی اسے اونگھ اور نہ ہی نیند، اسی کا ہے
مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ	جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے
مَنْ ذَا الَّذِیْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ	کون ہے وہ جو سفارش کر سکے اسکے پاس

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَا : لا تعداد، لاعلاج، لاجواب، لاپروا۔
شَرِيْكَ : شریک، شراکت، مشرک۔
اَلْمُلْكُ : ملک، مالک، مملکت۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مَانِعَ ، مَنَعْتَ : منع، ممانعت، مانع، ممنوع۔
اَعْطَيْتَ، مُعْطِيَ : عطا، عطیہ، مُعطی۔
يَنْفَعُ : نفع، منافع، نفع بخش، منفعت۔

ذَا : ذی روح، ذی وقار، ذو معنٰی، ذوالجلال۔
اَلْحَیُّ : حیات و ممات، احیائے دین۔
اَلْقَيُّوْمُ : قائم، قیامت، مقیم۔
تَاْخُذُهٗ : اخذ، ماخوذ، ماخذ۔
اَلسَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ۔
يَشْفَعُ : شافع محشر، شفاعت (سفارش)۔
عِنْدَهٗ : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

لَا شَرِيْكَ ❶	لَهٗ	لَهُ الْمُلْكُ ❷	وَ	لَهُ الْحَمْدُ ❷	وَ هُوَ
کوئی شریک نہیں	اس کا	اسی کی ہی بادشاہی ہے	اور	اسی کی ہی سب تعریف ہے	اور وہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	اَللّٰهُمَّ	لَا مَانِعَ	لِمَا	اَعْطَيْتَ
ہر چیز پر	قادر ہے	اے اللہ	کوئی نہیں روکنے والا	اسے جو	تو عطا کرے

وَ لَا مُعْطِيَ	لِمَا	مَنَعْتَ	وَ لَا	يَنْفَعُ ❸	ذَا الْجَدِّ
اور کوئی نہیں دینے والا	اسے جو	تو روک لے	اور نہیں	نفع دے گی	شان والے کو

مِنْكَ	الْجَدُّ	۞ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	اَلْحَيُّ
تیرے (عذاب) سے	شان (مال وجاہ)	اللہ (وہ ہے کہ) کوئی معبود نہیں	مگر وہی	زندہ ہے

الْقَيُّوْمُ	لَا تَاْخُذُهٗ ❹	سِنَةٌ ❺	وَّ لَا نَوْمٌ	لَهٗ	مَا
(سب کا) تھامنے والا ہے	نہیں پکڑتی اسے	اونگھ	اور نہ ہی نیند	اسی کا ہے	جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ ❺	وَ مَا	فِي الْاَرْضِ	مَنْ	ذَا الَّذِيْ	يَشْفَعُ ❸	عِنْدَهٗ
آسمانوں میں	اور جو	زمین میں ہے	کون ہے	وہ جو	سفارش کرسکے	اس کے پاس

ضروری وضاحت

❶ ”لَا“ کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ ”کوئی نہیں“ کرتے ہیں۔❷”هٗ“اور”هُوَ“ کے بعد اگر ”اَلْ“ والا اسم ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔❸”يَ“ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔❹یہاں ”تَ“ مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ ”لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ“ سے مراد ”نہیں آتی اسے اونگھ“ ہے۔❺”ة“اور”ات“ مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

● سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے ● نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے ● کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا	مگر اس کی اجازت سے، وہ جانتا ہے جو
بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ	ان کے آگے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے
وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ	اور وہ نہیں احاطہ کر سکتے کسی چیز کا
مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ	اسکے علم میں سے مگر جو کچھ وہ چاہے
وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ	سمالیا ہے اس کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کو
وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ	اور اسے نہیں تھکاتی ان دونوں کی نگہبانی
وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ (البقرة : 255)	اور وہی بلند مرتبے والا، بڑی عظمت والا ہے۔
⑦ سُبۡحَانَ اللّٰہِ (33 بار)	اللہ پاک ہے (ہر قسم کے عیب سے)
اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ (33 بار)	تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں
اَللّٰہُ اَکۡبَرُ (34 بار) (مسلم)	اللہ سب سے بڑا ہے۔

⑧ ہر نماز کے بعد سُوۡرَۃُ الۡاِخۡلَاصِ، سُوۡرَۃُ الۡفَلَقِ اور سُوۡرَۃُ النَّاسِ کو پڑھنا بھی مسنون ہے (ابوداؤد)۔

ان کا ترجمہ صفحہ نمبر 64 اور 66 پر ملاحظہ فرمائیں۔

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِاِذۡنِہٖ : اذنِ عام، بِاِذنِ اللہ (اجازت)۔	اَلسَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ۔
یَعۡلَمُ : علم، عالم، معلوم، معلومات۔	وَالۡاَرۡضَ : ارض مقدّس، اراضی، ارض وسما۔
اَیۡدِیۡہِمۡ : یدِ بیضا، یدِ طولیٰ ("اَیۡدِیۡ" "یَدۡ" کی جمع ہے)۔	حِفۡظُہُمَا : حافظ، حفاظت، محافظ، محافظت۔
خَلۡفَہُمۡ : ناخلف، مخالف، خلیفہ، خلافت۔	اَلۡعَظِیۡمُ : عظیم، عظمت، معظم، اعظم۔
یُحِیۡطُوۡنَ : احاطہ، محیط۔	سُبۡحَانَ : سبحان تیری قدرت، تسبیح۔
وَسِعَ : وسیع، توسیع، وسعت۔	اَلۡحَمۡدُ : حمد وثنا، حمدِ باری تعالیٰ، حامد، محمود۔
کُرۡسِیُّہٗ : کرسی، آیۃ الکرسی۔	اَکۡبَرُ : اکبر، کبیر، تکبّر، تکبیر، اکابرین۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

اِلَّا بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ ❶	وَمَا	خَلْفَهُمْ
مگراس کی اجازت سے	وہ جانتاہے جو	ان کے آگے ہے	اورجو	ان کے پیچھے ہے

وَلَا	يُحِيْطُوْنَ	بِشَيْءٍ	مِّنْ عِلْمِهٖٓ	اِلَّا بِمَا	شَآءَ
اورنہیں	وہ سب احاطہ کرسکتے	کسی چیز کا	اس کے علم سے	مگراس کا جو	وہ چاہے

وَسِعَ ❷	كُرْسِيُّهُ	السَّمٰوٰتِ ❸	وَالْاَرْضَ	وَلَا	يَئُوْدُهٗ ❹
سمالیاہے	اس کی کرسی نے	آسمانوں	اورزمین کو	اورنہیں	تھکاتی اسے

حِفْظُهُمَا	وَهُوَ الْعَلِيُّ ❺	الْعَظِيْمُ
ان دونوں کی نگہبانی	اوروہی بلند مرتبے والا	بڑی عظمت والاہے

❼ سُبْحَانَ اللّٰهِ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	اَللّٰهُ اَكْبَرُ
اللہ پاک ہے(ہرقسم کے عیب سے)	تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں	اللہ سب سے بڑاہے

❽ نماز کے بعد سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ، سُوْرَةُ الْفَلَقِ اور سُوْرَةُ النَّاسِ کا پڑھنا بھی مسنون ہے۔
ان کا لفظی ترجمہ صفحہ نمبر 67،65 پر ملاحظہ فرمائیں۔

ضروری وضاحت

❶ "بَيْنَ" کا اصل ترجمہ "درمیان" ہے، لیکن یہاں اسکا اردو ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❷ "وَسِعَ" "وسعت" سے بنا ہے، اسی کا مفہوم "سمالیاہے" بیان کیا گیاہے۔ ❸ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ علامت "یہ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ "هُوَ" کے بعد "اَلْ" والا اسم ہو تو تاکید کا مفہوم ہوتاہے، اسی لئے ترجمہ "وہی" کیا گیاہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دعائے قنوت

① اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْ مَنْ	اے اللہ! مجھے ہدایت دے ان میں جن کو
هَدَيْتَ وَ عَافِنِيْ فِيْ	تونے ہدایت دی، اور مجھے عافیت دے ان میں
مَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِيْ	جن کو تونے عافیت دی، اور میری سرپرستی فرما
فِيْ مَنْ تَوَلَّيْتَ	ان میں جن کی تونے سرپرستی فرمائی
وَ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَ	اور مجھے برکت عطا فرما اس میں جو تونے عطا فرمایا
وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ	اور مجھے بچا اس نقصان سے جسکا تونے فیصلہ کیا ہے
فَاِنَّكَ تَقْضِيْ	پس بیشک تو فیصلے کرتا ہے
وَ لَا يُقْضٰى عَلَيْكَ	اور نہیں کوئی فیصلہ کیا جاسکتا تیرے خلاف
اِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ	بیشک وہ نہیں ذلیل ہوسکتا جسے تودوست بنالے
وَ لَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ	اور نہیں وہ عزت پاسکتا جس سے تو دشمنی کرے
تَبَارَكْتَ رَبَّنَا	تو بہت بابرکت ہے اے ہمارے رب

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِهْدِنِيْ ،هَدَيْتَ : ہدایت، ہادی برحق۔

فِيْ : فی الحال، فی الواقع، فی الفور، فی الحقیقت۔

عَافِنِيْ ، عَافَيْتَ : خیروعافیت۔

تَوَلَّنِيْ ، تَوَلَّيْتَ : ولی، والی، متولی، ولایت۔

بَارِكْ : برکت، مبارک، بابرکت، ہدیۂ تبریک۔

اَعْطَيْتَ : عطا، عطیہ، معطی۔

شَرَّ : شر، شریر، شرارت۔

قَضَيْتَ ، تَقْضِيْ : قاضی ، قضا، قاضی القضاۃ۔

عَلَيْكَ (عَلٰی) : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

يَذِلُّ : ذلت، ذلیل، ذلالت۔

وَالَيْتَ : ولی، ولایت، والی۔

يَعِزُّ : عزت واحترام، معزز، عزت مآب۔

عَادَيْتَ : عداوت، عدوّ، اَعداء۔

تَبَارَكْتَ : بابرکت، مبارک، ہدیۂ تبریک۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: باربار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

دعائے قنوت

① اَللّٰهُمَّ	اهْدِنِیْ ❶	فِیْ مَنْ	هَدَیْتَ	وَ
اے اللہ	مجھے ہدایت دے	(ان) میں جن کو	تونے ہدایت دی	اور

عَافِنِیْ ❶	فِیْ مَنْ	عَافَیْتَ	وَ تَوَلَّنِیْ ❶❷	فِیْ مَنْ
مجھے عافیت دے	(ان) میں جن کو	تونے عافیت دی	اور میری سرپرستی فرما	(ان) میں جن کی

تَوَلَّیْتَ ❷	وَ بَارِكْ لِیْ	فِیْمَا	اَعْطَیْتَ	وَ قِنِیْ ❶
تونے سرپرستی فرمائی	اور تو برکت کر میرے لیے	(اس) میں جو	تونے عطا فرمایا	اور مجھے بچا

شَرَّ	مَا قَضَیْتَ	فَاِنَّكَ تَقْضِیْ ❸	وَ لَا یُقْضٰی ❹
(اس) نقصان (سے)	جسکا تونے فیصلہ کیا ہے	پس بیشک تو فیصلے کرتا ہے	اور نہیں کوئی فیصلہ کیا جاسکتا

عَلَیْكَ	اِنَّهٗ	لَا یَذِلُّ	مَنْ وَّالَیْتَ	وَ لَا
تجھ پر	یہ یقینی بات ہے (کہ)	وہ ذلیل نہیں ہوسکتا	جسے تو دوست بنالے	اور نہیں

یَعِزُّ	مَنْ عَادَیْتَ	تَبَارَكْتَ ❺	رَبَّنَا
وہ عزت پاسکتا	جس سے تو دشمنی کرے	تو بہت برکت والا ہے	(اے) ہمارے رب

ضروری وضاحت

❶ فعل کے آخر میں اگر علامت ''یْ'' لگانی ہو تو فعل اور ''یْ'' کے درمیان ''نِ'' کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ❷ یہاں فعل کے شروع میں ''تَ'' کا معنی ''تو'' نہیں بلکہ اس میں ''کام کو اہتمام سے کرنے'' کا مفہوم ہے۔ ❸ یہاں علامت ''كَ'' اور ''تَ'' دونوں کا ترجمہ ''تُو'' ہے۔ ❹ ''یـ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ یہاں علامت ''تَ'' میں ''بہت ہونے'' کا مفہوم ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ تَعَالَيْتَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ (نسائی، ابوداود)	اور تو بلند و بالا ہے اور رحمتیں بھیجے اللہ (ہمارے) نبی پر۔
۲ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ	اے اللہ بیشک ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں
وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَ نُؤْمِنُ	اور ہم مغفرت مانگتے ہیں تجھ سے اور ایمان لاتے ہیں
بِكَ وَ نُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ	تجھ پر اور ہم تیری بہترین ثنا بیان کرتے ہیں
وَ لَا نَكْفُرُكَ وَ نَخْلَعُ	اور ہم ناشکری نہیں کرتے تیری اور ہم الگ ہوتے ہیں
وَ نَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ	اور چھوڑ دیتے ہیں (اسے) جو تیری نافرمانی کرتا ہے
اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ	اے اللہ صرف تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں
وَ لَكَ نُصَلِّيْ وَ نَسْجُدُ	اور تیرے لیے ہم نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں
وَ اِلَيْكَ نَسْعٰى وَ نَحْفِدُ	اور تیری طرف ہم دوڑتے ہیں اور ہم لپکتے ہیں
وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَكَ	اور ہم امید رکھتے ہیں تیری رحمت کی
وَ نَخْشٰى عَذَابَكَ	اور ہم ڈرتے ہیں تیرے عذاب سے
اِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ (ابن ابی شیبہ، بیہقی)	بیشک تیرا سخت عذاب کافروں کو چمٹنے والا ہے۔

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَعَالَيْتَ اللہ تعالیٰ، علو، اعلیٰ، عالی شان۔	نَتْرُكُ : ترک، تارک، ترکہ، متروکہ۔
صَلَّى، نُصَلِّيْ : صلوٰۃ وسلام، صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔	يَفْجُرُكَ: فاسق وفاجر، فسق وفجور (نافرمانی)۔
عَلَى، عَلَيْكَ : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔	اِلَيْكَ : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
نَسْتَعِيْنُكَ : استعانت، معاونت، معاون۔	نَسْعٰى : سعی، مساعی جمیلہ، سعی لاحاصل۔
نُثْنِيْ : حمد وثنا، ثناخواں۔	نَرْجُوْا : رَجا، رَجائیت (اُمید)۔
نَكْفُرُكَ ، بِالْكُفَّارِ : کفر، کافر، کفار۔	نَخْشٰى : خشیّتِ اِلٰہی (خوف)۔
نَخْلَعُ : خُلع (جب عورت خود طلاق مانگے تو اسے خُلع کہتے ہیں)۔	مُلْحِقٌ : اِلحاق، مُلحق، لاحِق۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ تَعَالَيْتَ ❶	وَ صَلَّى اللّٰهُ	عَلَى النَّبِيِّ	❷ اَللّٰهُمَّ	اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ ❷
اور تو بہت بلند ہے	اور رحمتیں بھیجے اللہ	نبی ﷺ پر	اے اللہ	بیشک ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں

وَ نَسْتَغْفِرُكَ	وَ نُؤْمِنُ	بِكَ	وَ نُثْنِيْ عَلَيْكَ ❸
اور ہم مغفرت مانگتے ہیں تجھ سے	اور ہم ایمان لاتے ہیں	تجھ پر	اور ہم ثنا بیان کرتے ہیں تیری

الْخَيْرَ ❹	وَ لَا نَكْفُرُكَ	وَ نَخْلَعُ	وَ نَتْرُكُ
بہترین	اور نہیں ہم ناشکری کرتے تیری	اور ہم الگ ہوتے ہیں	اور ہم چھوڑ دیتے ہیں

مَنْ يَّفْجُرُكَ ❺	اَللّٰهُمَّ	اِيَّاكَ	نَعْبُدُ
جو تیری نافرمانی کرتا ہے	اے اللہ	صرف تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں

وَلَكَ	نُصَلِّيْ	وَ نَسْجُدُ	وَ اِلَيْكَ	نَسْعٰى
اور تیرے لیے	ہم نماز پڑھتے ہیں	اور ہم سجدہ کرتے ہیں	اور تیری طرف	ہم دوڑتے ہیں

وَ نَحْفِدُ	وَ نَرْجُوْا	رَحْمَتَكَ	وَ نَخْشٰى
اور ہم لپکتے ہیں	اور ہم امید رکھتے ہیں	تیری رحمت کی	اور ہم ڈرتے ہیں

عَذَابَكَ	اِنَّ	عَذَابَكَ الْجِدَّ	بِالْكُفَّارِ	مُلْحِقٌ
تیرے عذاب سے	بیشک	تیرا سخت عذاب	کافروں کو	چمٹنے والا ہے

ضروری وضاحت

❶ ''تَ'' میں ''بہت ہونے'' کا مفہوم ہے۔ ❷ ''اِنَّا'' اصل میں ''اِنَّ + نَا'' تھا، آسانی کے لیے ایک ''نون'' گرا دیا گیا ہے اور یہاں ''نَا'' اور ''نَ'' دونوں کا معنیٰ ''ہم'' ہے۔ ❸ ''عَلَيْكَ'' کا لفظی ترجمہ ''تجھ پر'' ہے ضرورتاً ترجمہ ''تیری'' کیا گیا ہے۔ ❹ اور اس دعا میں وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ اور ''وَنَشْكُرُكَ'' کے الفاظ بھی پڑھے جاتے ہیں، لیکن یہ الفاظ کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں۔ ❺ ''یَ'' کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

میّت اور موت سے متعلق فرامینِ رسول ﷺ

❶ لذّتوں کو مٹانے والی چیز یعنی موت کو تم کثرت سے یاد کیا کرو (نسائی، ترمذی)۔ ❷ اپنے مرنے والوں کو "لا الٰہ الا اللّٰہ" کی تلقین کیا کرو (مسلم)۔ ❸ جب کوئی مسلمان آدمی فوت ہوتا ہے اور اس کی نماز جنازہ میں ایسے چالیس آدمی شریک ہوتے ہیں جنہوں نے اللہ کے ساتھ شرک نہیں کیا، اللہ تعالیٰ انکی اس میت کے حق میں سفارش (دعائے مغفرت) قبول فرماتا ہے (مسلم)۔

نماز جنازہ کی دعائیں

❶ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَ مَيِّتِنَا	اے اللہ! بخش دے ہمارے زندوں اور ہمارے مردوں کو
وَ شَاهِدِنَا وَ غَائِبِنَا	اور ہمارے حاضر اور ہمارے غائب (لوگوں) کو
وَ صَغِيْرِنَا وَ كَبِيْرِنَا	اور ہمارے چھوٹے اور ہمارے بڑے کو
وَ ذَكَرِنَا وَ اُنْثَانَا	اور ہمارے مَردوں اور ہماری عورتوں کو
اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا	اے اللہ! جسے تو زندہ رکھے ہم میں سے
فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ	تو زندہ رکھ اسے اسلام پر
وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا	اور جسے تو فوت کرے ہم میں سے

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِغْفِرْ : مغفرت، استغفار۔	ذَكَرِنَا : مذکر۔
لِحَيِّنَا : حیات، احیائے دین، احیائے اسلام۔	اُنْثَانَا : مؤنث۔
مَيِّتِنَا : میّت، موت، اموات۔	عَلَى : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
شَاهِدِنَا : شاہد، شہادت، مشاہدہ، شواہد۔	اَحْيَيْتَهٗ، فَاَحْيِهٖ : حیات، احیائے دین۔
غَائِبِنَا : غائب، غیبی مدد، علمِ غیب۔	مِنَّا (مِنْ) : منجانب، من حیث القوم، اظہر من الشّمس۔
صَغِيْرِنَا : صغیر، صِغرسنّی، اَصغر۔	تَوَفَّيْتَهٗ، فَتَوَفَّهٗ : فوت، وفات، متوفّی۔
كَبِيْرِنَا : کبیر، اکابر، تکبّر، متکبر۔	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

میّت اور موت سے متعلق فرامینِ رسول ﷺ

❶ جو شخص جنازے میں شامل ہوتا ہے اور اور نماز جنازہ پڑھتا ہے تو اسے ”ایک قیراط“ ثواب ملتا ہے اور جو شخص نماز جنازہ پڑھنے کے بعد میت کو دفن کرنے تک موجود رہتا ہے تو اسے ”دو قیراط“ ثواب ملتا ہے، صحابہ کرام ﷡ نے عرض کی اے اللہ کے رسول ﷺ ”دو قیراط“ کا کیا مطلب ہے، تو آپ ﷺ نے فرمایا: ”دو قیراط“ کا ثواب ”دو بڑے پہاڑوں کے برابر ہے“ (بخاری)۔ ❷ مؤمن کی روح اس وقت تک جنت میں جانے سے رکی رہتی ہے جب تک اسکا قرض نہ ادا کیا جائے (ترمذی)۔

نماز جنازہ کی دعائیں

❶ اَللّٰھُمَّ ❶	اغْفِرْ	لِحَیِّنَا ❷	وَ مَیِّتِنَا
اے اللہ	بخش دے	ہمارے زندوں کو	اور ہمارے مُردوں کو

وَ شَاھِدِنَا	وَ غَائِبِنَا	وَ صَغِیْرِنَا	وَ کَبِیْرِنَا
اور ہمارے حاضر	اور ہمارے غائب (لوگوں) کو	اور ہمارے چھوٹے کو	اور ہمارے بڑے کو

وَ ذَکَرِنَا	وَ اُنْثَانَا	اَللّٰھُمَّ	مَنْ	اَحْیَیْتَهٗ ❸
اور ہمارے (ہر) مرد کو	اور ہماری (ہر) عورت کو	اے اللہ	(وہ) جو	تو زندہ رکھے اسے

مِنَّا	فَاَحْیِهٖ	عَلَی الْاِسْلَامِ ❹	وَ مَنْ	تَوَفَّیْتَهٗ ❸	مِنَّا
ہم میں سے	تو اسے زندہ رکھ	اسلام پر	اور (وہ) جو	تو فوت کرے اسے	ہم میں سے

ضروری وضاحت

❶ اللہ تعالیٰ کو دل کی گہرائی سے پکارنا ہو تو ”یَا اَللّٰہُ“ کی بجائے ”اَللّٰھُمَّ“ (اَللّٰہُ + مَّ) کہا جاتا ہے۔ ❷ ”لِ“ کا اصل ترجمہ ”لیے“ ہے لیکن یہاں ضرورتاً ترجمہ ”کو“ کیا گیا ہے۔ ❸ ”مَنْ“ اور ”هٗ“ کو ملا کر اسکا مفہوم ”وہ جسے تو زندہ رکھے اور وہ جسے تو فوت کرے“ ہے۔ ❹ ”عَلَی الْاِسْلَامِ“ (اسلام پر) سے مراد ”اسلام کی حالت میں“ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيْمَانِ	تو اسے موت دے ایمان پر
اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهُ	اے اللہ ! ہمیں محروم نہ فرما اس کے ثواب سے
وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُ (مسلم)	اور ہمیں آزمائش میں نہ ڈالنا اس کے بعد۔
② اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَ ارْحَمْهُ	اے اللہ ! اسے بخش دے اور اس پر رحم فرما
وَعَافِهِ وَ اعْفُ عَنْهُ	اور اسے عافیّت دے اور اس سے درگزر فرما
وَ اَكْرِمْ نُزُلَهُ	اور عزت کے ساتھ فرما اس کی مہمانی
وَ وَسِّعْ مَدْخَلَهُ	اور اس کی قبر کو فراخ کردے
وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ وَ الثَّلْجِ وَ الْبَرَدِ	اور اسے دھوڈال پانی، برف اور اولوں سے
وَ نَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا	اور اسے پاک کردے گناہوں سے جیساکہ
نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ	آپ نے صاف کردیا سفید کپڑا میل کچیل سے
وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهِ	اور اسے بدلے میں دے بہتر گھر اسکے گھر سے
وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهِ	اور گھر والے (جو) بہتر ہوں اسکے گھر والوں سے

عربی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَتَوَفَّهُ : فوت، وفات، متوفّٰی۔	وَسِّعْ : وسیع، وُسعت، توسیع۔
تَحْرِمْنَا : محروم، محرومی۔	مَدْخَلَهُ : داخل، دخول، مدخل، داخلہ۔
تَفْتِنَّا : فتنہ، پُرفتن، فَتّان۔	اَلْخَطَايَا : خطا، خطاکار۔
اِرْحَمْهُ : رحم، رحمت، رحیم۔	اَلْاَبْيَضَ : اَبیض، یدِبیضا (سفید)۔
عَافِهِ : عافیّت۔	كَمَا : کماحقہ۔
اُعْفُ : عفوو درگزر۔	اَبْدِلْهُ : بدل، تبدیل، تبادلہ، متبادل۔
اَكْرِمْ : کرامت، اکرام، فضل وکرم۔	دَارًا : دارالکتب، دارالامان، دیارِغیر، دارالخلافہ۔

• کالا رنگ : اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ : باربار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ : نئے الفاظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

فَتَوَفَّهُ	عَلَى الْاِيْمَانِ	اَللّٰهُمَّ	لَا تَحْرِمْنَا	اَجْرَهُ	وَ لَا
تو فوت کرا سے	ایمان پر	اے اللہ	ہمیں محروم نہ فرما	اسکے ثواب سے	اور نہ

تَفْتِنَّا ❶	بَعْدَهُ	۞ اَللّٰهُمَّ ❷ اغْفِرْ لَهُ ❸	وَ ارْحَمْهُ	وَ عَافِهِ
تو ہمیں آزمائش میں ڈالنا	اسکے بعد	اے اللہ بخش دے اسکو	اور اس پر رحم فرما	اور اسے عافیت دے

وَ اعْفُ عَنْهُ	وَ اَكْرِمْ نُزُلَهُ	وَ وَسِّعْ	مُدْخَلَهُ
اور درگزر فرما اس سے	اور عزت کے ساتھ فرما اس کی مہمانی	اور فراخ کر دے	اس کی قبر کو

وَ اغْسِلْهُ	بِالْمَآءِ	وَ الثَّلْجِ	وَ الْبَرَدِ	وَ نَقِّهِ
اور اسے دھو ڈال	پانی سے	اور برف (سے)	اور اولوں (سے)	اور اسے پاک کر دے

مِنَ الْخَطَايَا	كَمَا	نَقَّيْتَ	الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ	مِنَ الدَّنَسِ ❹	وَ
گناہوں سے	جیسا کہ	تو نے پاک صاف کر دیا	سفید کپڑا	میل کچیل سے	اور

اَبْدِلْهُ دَارًا	خَيْرًا مِّنْ دَارِهِ	وَ اَهْلًا خَيْرًا	مِّنْ اَهْلِهِ
اسے بدلے میں دے گھر	(جو) بہتر ہو اسکے گھر سے	اور گھر والے (جو) اچھے ہوں	اسکے گھر والوں سے

ضروری وضاحت

❶ یہ اصل میں "وَ لَا تَفْتِنَنَا" تھا پڑھنے میں آسانی کیلئے دونوں "نون" اکٹھے کر دیے ہیں۔ ❷ جب اللہ تعالیٰ کو دل کی گہرائی سے پکارنا ہو تو "اَللّٰهُمَّ" کہہ کر پکارتے ہیں۔ ❸ "لَهُ" کا اصل ترجمہ "اس کیلئے" ہے، بات کو واضح کرنے کیلئے ترجمہ "اس کو" کیا گیا ہے۔ ❹ مراد یہ ہے کہ جس طرح سفید کپڑے کی میل کو اچھی طرح صاف کیا جاتا ہے اسی طرح میرے گناہ صاف کر دے۔

سرخ رنگ: ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ: دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ: اصل لفظ کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com

وَ زَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ	اور بیوی (جو) بہتر ہو اسکی بیوی سے
وَ اَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَ اَعِذْهُ	اور داخل کردے اسے جنت میں، اور اسے بچالے
مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ (مسلم)	قبر کے عذاب سے اور دوزخ کے عذاب سے۔
③ اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ وَ ابْنُ اَمَتِكَ	اے اللہ! تیرا بندہ ہے اور تیری بندی کا بیٹا ہے
اِحْتَاجَ اِلٰى رَحْمَتِكَ	محتاج ہوا ہے تیری رحمت کا
وَ اَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهٖ	اور تو بے پروا ہے اس کو عذاب دینے سے
اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ حَسَنَاتِهٖ	اگر وہ تھا نیک تو اضافہ فرما اس کی نیکیوں میں
